Press Release
For immediate Release
August 13, 2016

**SECP disposes of 53 show-cause proceedings against companies in July**

ISLAMABAD, August 13: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) disposed of 53 show-cause proceedings initiated against companies, their directors and auditors for violating various provisions of the Companies Ordinance, 1984.

The SECP also initiated 45 fresh show-cause proceedings against the erring management and companies' auditors for various violations of the ordinance. These violations pertain to failure to comply with legal provisions in respect of holding annual general meetings (AGMs), filing of interim accounts for listed companies, delay in deposit of provident fund amount, discharge of duties by auditors, presenting false statement in the accounts, advancing loans to associated companies without prior approval of general meeting and granting financial assistance by a listed company for purchase of shares of its holding company.

The SECP also concluded 3 proceedings for initiating inspection and investigation against two listed companies under sections 231 and 265 of the ordinance, respectively and appointed inspectors with directions to submit their report within 60 days about the company affairs.

Five proceedings against auditors for not discharging their duties in line with applicable provisions and failure to bring out material facts about company affairs were concluded. Moreover, two new proceedings were initiated against auditors.

The SECP proceeded with winding up against four non-operating companies while authorizing the registrar to present winding up petition before the court. Besides, 42 warnings were issued to companies to ensure full compliance with the corporate laws and the applicable financial reporting standards. During June and July, 35 complaints from shareholders of various companies were also resolved.

ایس ای سی پی نے جولائی میں اظہارِ وجوہ کے 53 مقدمات نمٹائے

اسلام آباد، ۱۳اگست: جولائی ۲۰۱۶ کے دوران سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے کمپنیوں، ان کے ڈائریکٹروں اور آڈیٹروں کے خلاف کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کے احکامات کی خلاف ورزی کرنے پر شروع کی گئی 53 کارروائیاں نمٹائیں۔ ایس ای سی پی نے آرڈیننس کی متعدد خلاف ورزیوں پر کمپنیوں کی قصوروار انتظامیہ اور آڈیٹروں کے خلاف اظہارِ وجوہ کی پینتالیس نئی کارروائیوں کا آغاز کیا۔ زیادہ تر خلاف ورزیوں کا تعلق سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد، لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے عبوری گوشوارے جمع کروانے، پراویڈنٹ فنڈ کی رقوم جمع کروانے میں تاخیر، آڈیٹروں کی جانب سے فرائض کی انجام دہی، اجلاسِ عام کی قبل ازیں منظوری کے بغیر ذیلی کمپنیوں کو قرضوں کی پیشگی ادائیگی اور ایک لسٹڈ کمپنی کی جانب سے اپنی ہولڈنگ کمپنی کے حصص خریدنے کے لئے مالی معاونت فراہم کرنے کے حوالے سے آرڈیننس کے احکامات کی تعمیل میں ناکامی سے ہے۔

ایس ای سی پی نے دو لسٹڈ کمپنیوں کے خلاف بالترتیب آرڈیننس کی دفعات ۲۳۱اور ۲۶۵ کی خلاف ورزی پر معائنہ اور تحقیقات کی تین کارروائیاں پایہ تکمیل تک پہنچائیں اور اس ضمن میں معائنہ اور تحقیقات کی غرض سے انسپکٹروں کا تقرر کیا گیا جو ساٹھ یوم کے اندر اندر کمپنی کے معاملات کے بارے میں اپنی رپورٹ جمع کروائیں گے۔ آڈیٹروں کے خلاف قابلِ اطلاق احکامات کے مطابق اپنے فرائض انجام نہ دینے اور کمپنی کے معاملات کے حوالے سے اصل حقائق سامنے نہ لانے پر پانچ کارروائیاں نمٹائی گئیں۔ مزید برآں، آڈیٹروں کے خلاف دو نئی کارروائیوں کا بھی آغاز کیا گیا۔ ایس ای سی پی نے چار غیر فعال کمپنیوں کا کاروبار ختم کرنے کی کارروائیاں بھی پایہ تکمیل تک پہنچائیں اور اس ضمن میں رجسٹرار کو مجاز بنایا کہ وہ کاروبار کے خاتمے کی پٹیشن عدالت میں دائر کرے۔ ساتھ ہی ساتھ، کمپنیوں کو ۱۴۲انتباہ جاری کئے گئے کہ وہ قابلِ اطلاق کاروباری قوانین اور مالیاتی رپورٹنگ معیارات کی مکمل تعمیل یقینی بنائیں۔ جون اور جولائی کے مہینوں میں مختلف کمپنیوں کے حصص داروں کی پینتالیس شکایات بھی دور کی گئیں۔